حصہ الف (کثیر انتخابی سوالات)

سوال ۱۔ مندرجہ ذیل سوالات کے درست جواب کا انتخاب کیجئے۔

۱۔ مصرعہ مکمل کریں۔ لائے نہ کیوں یہ نغمہ ملائک کو ________
(الف) جوش میں (ب) ہوش میں (ج) غرور میں (د) وجد میں

۲۔ کلہوڑوں کی حکومت کا با قاعدہ آغاز ہوا۔
(الف) غلام شاہ کلہوڑو سے (ب) میاں یار محمد خاں سے
(ج) نادر شاہ سے (د) ان میں سے کوئی نہیں

۳۔ مسلم لیگ کس سن میں تشکیل دی گئی؟
(الف) 1857ء میں (ب) 1947ء میں (ج) 1906ء (د) 2001ء میں

۴۔ سبق نظریہ پاکستان کے مصنف ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان نے وفات پائی۔
(الف) 1906ء میں (ب) 2005ء میں (ج) 1912ء میں (د) 2001ء میں

۵۔ سرسید احمد خان مطلق قائل نہ تھے۔
(الف) دوستی کے (ب) تقلید کے (ج) مزاح کے (د) بحث کے

۶۔ کسی بھی غزل کے پہلے شعر کو کہتے ہیں؟
(الف) قافیہ (ب) مطلع (ج) مصرعہ (د) ان میں سے کوئی نہیں

۷۔ توصیف نے اپنے سامنے رضامندی کا مقصد رکھا۔
(الف) بیٹا (ب) سسر (ج) نند (د) شوہر

۸۔ صحرا نے کس چیز کی دعا مانگی؟
(الف) نبی پاک ﷺ کی آمد کی (ب) تیز دھوپ کی (ج) بارش کی (د) روشنی کی

۹۔ چین کا دورہ مشہور ادیب اور شاعر نے کیا تھا؟
(الف) غالب (ب) میر تقی میر (ج) ابن انشاء (د) ان میں سے کوئی نہیں

۱۰۔ سلطان سبکتگین کے بیٹے کا نام تھا۔
(الف) ٹیپو سلطان (ب) بہادر شاہ ظفر (ج) محمود غزنوی (د) حسن مہدی

۱۱۔ فدک کے رئیس نے نبی پاک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو غلہ بھیجا۔
(الف) دو اونٹوں پر (ب) چار اونٹوں پر (ج) چھ اونٹوں پر (د) تین اونٹوں پر

۱۲۔ جو کچھ قرآن پاک میں ہے وہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاق ہیں۔ یہ الفاظ تھے۔
(الف) حضرت ابوبکرؓ کے (ب) حضرت فاطمہؓ کے (ج) حضرت عائشہؓ کے (د) ان میں سے کوئی نہیں

۱۳۔ گل خان کے والدین گزارہ کرتے تھے
(الف) دکانداری سے (ب) کھیتی باڑی سے (ج) ملازمت سے (د) ان میں سے کوئی نہیں

۱۴۔ خان صاحب پر ڈگری جاری کروائی تھی۔
(الف) رشتہ دار نے (ب) انگریز نے (ج) بیٹے نے (د) ان میں سے کوئی نہیں

۱۵۔ اری! تو کون ہے اور یہاں کیوں ________
(الف) دیکھتی ہے (ب) رہتی ہے (ج) روتی ہے (د) ہنستی ہے

حصہ ب (مختصر جواب کے سوالات)

نوٹ۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی 9 سوالات کے جواب دیں ہر سوال کے 04 نمبر ہیں۔

سوال ۲۔ محمود غزنوی نے تاراگڑھ کے قلعے پر کیوں حملہ نہیں کیا۔

سوال ۳۔ توصیف کو غریب عورت کے دکھ کا احساس کب ہوا؟

سوال ۴۔ کانگریس کا اصل مقصد کیا تھا اور مسلم لیگ کا قیام کیوں عمل آیا؟

سوال ۵۔ بستی کون تھا اور اس نے شاہی خاندان کے افراد کی کس طرح مدد کی؟

سوال ۶۔ سبق ''قرطبہ کا قاضی'' دین اسلام کی کس شان کو ظاہر کرتا ہے؟

سوال ۷۔ صحرا نے اللہ تعالیٰ سے کیا دعا مانگی اور کیوں؟

سوال ۸۔ پاکستان میں کون کون سی علاقائی زبانیں بولی جاتی ہیں

سوال ۹۔ ذیل کے الفاظ کے اسم فاعل اور اسم مفعول بنائیے۔
ظلم قصد حمد جبر

سوال ۱۰۔ ذیل کے مصادر سے حاصل مصدر بنائیے۔
جلنا گھبرانا بلانا مارنا

سوال ۱۱۔ اسم معرفہ اور اسم نکرہ علیحدہ علیحدہ لکھئے۔
درخت عبداللہ دشمن ابن خلدون

سوال ۱۲۔ مندرجہ ذیل الفاظ میں سے مذکر اور مونث علیحدہ علیحدہ لکھئے
خلوص قیام شہرت عافیت

حصہ ج (تفصیلی جواب کے سوالات)

نوٹ۔ مندرجہ ذیل سوالات میں سے کسی بھی تین سوالات کے جواب دیں، ہر سوال کے 08 نمبر ہیں۔

سوال ۱۴۔ مندرجہ ذیل اقتباس کی تشریح کریں۔
''سب نے خیال کے عیار اور فکر کے جاسوس چاروں طرف دوڑائے۔

سوال ۱۵۔ مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔
(الف) میرے ہزار دل ہوں تصدق حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر
میری ہزار جان ہو قربان مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر
(ج) محبت میں اک ایسا وقت بھی دل پر گزرتا ہے
کہ آنسو خشک ہو جاتے ہیں طغیانی نہیں جاتی

سوال ۱۶۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھئے۔
توصیف کا خواب نظریہ پاکستان

سوال ۱۷۔ نظم ''جنگ یرموک کا ایک واقعہ'' کو اپنے الفاظ میں بیان کریں۔

سوال ۱۸۔ سبق ''گزرا ہوا زمانہ'' میں سرسید احمد خان نے اپنی قوم کے نوجوانوں کو کیا نصیحت کی ہے؟

یا

اپنے بھائی کو خط لکھ کر اسے تعلیم حاصل کرنے کی اہمیت اور افادیت بتائیں۔